sanitation

# نامیاتی مواد سڑک کنارے جمع کرنا



اپنے **نامیاتی مواد** — بچا کھچا کھانا اور صحن کا کچرا — کو الگ کرنا ہمارے ماحول کی مدد کرتا ہے۔



## اس جیسی اشیاء اپنی بھورے رنگ کی ٹوکری میں ڈالیں۔

**بچا کھچا کھانا** پھل، سبزیاں، گوشت، ہڈیاں، دودھ اور اس سے بنی مصنوعات، تیار کردہ خوراک



**کھانا لگے ہوئے کاغذ** رومال، ٹی بیگ، رکابیاں، کافی فلٹرز



**پتے + صحن کا کچرا** پودے، پتے، شاخیں، گھاس



No

**دھات، شیشہ، پلاسٹک، گتے، صاف کاغذ + گتہ**

**کوڑا:** پالتو جانوروں کا فضلہ، فالتو ادویات، ڈائپرز، طہارت اور فوم کی مصنوعات

اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور ویڈیوز کے لیے **nyc.gov/organics** پر تشریف لائیں۔

NYCzerowaste • NYCsanitation | 311 کال کریں | nyc.gov/organics

OCB-U-18: ORGCOLL BROCHURE U 2018

# اپنا بچا کھچا کھانا اور صحن کا کچرا کوڑے میں مت پھینکیں۔




NYC محکمۂ صفائی (DSNY) بچے کھچے کھانے اور صحن کے کچرے کو کھاد میں بدلنے کے لیے جمع کرتا ہے۔ کھاد سے صحت مند مٹی بنتی ہے، جس سے پودوں کو غذائیت ملتی ہے۔ ہم بچے کھچے کھانوں کو صاف، قابلِ تجدید توانائی میں بھی تبدیل کر رہے ہیں۔

ہم بانٹ بھی رہے ہیں! DSNY سڑک کنارے لگے درختوں کی دیکھ بھال اور خیراتی تقریبات پر مفت کھاد دیتا ہے۔ یہاں تشریف لائیں **nyc.gov/getcompost**.

# پروگرام میں کیسے شرکت کرنی ہے یہ یہاں بتایا گیا ہے۔

## چھوٹی رہائشی عمارتیں

DSNY چھوٹی رہائشی عمارتوں (اکہرے خاندانی گھر نو کی تعداد تک اپارٹمنٹس والے) میں مقیم نیویارک کے مکینوں کو ایک مفت بھورے رنگ کی ٹوکری اور باورچی خانے کا کنٹینر دیتا ہے۔

## بڑی عمارات اور تجارتی بلاک

کیا آپ 10 یا اس سے زیادہ اپارٹمنٹس پر مشتمل عمارت میں یا ایک تجارتی بلاک میں رہتے ہیں؟ آپ کی عمارت کو بھی مفت بھورے رنگ کی ٹوکریاں اور نامیاتی مواد اکٹھا کرنے کی خدمت مل سکتی ہے! اپنے عمارت کے مہتمم سے کہیں کہ یہاں سائن اپ کرے **nyc.gov/organics** یا کال کرے **311**.

## بچا کھچا کھانا پھینکنے کے مقامات

اگر آپ کی عمارت کو نامیاتی مواد سڑک کنارے جمع کرنے کی سہولت نہیں دستیاب ہے، تو آپ پانچوں بلدیات میں واقع بچا کھچا کھانا پھینکنے کے مقامات پر لے جا سکتے ہیں۔ مقامات اور بچے کھچے کھانے کی قبول کردہ اقسام کے لیے **nyc.gov/organics** پر تشریف لائیں یا **311** پر کال کریں۔

# صرف تین آسان مراحل!

## 1 بچا کھچا کھانا، کھانا لگے ہوئے کاغذ اور پودے اپنے گھر میں کسی بھی کنٹینر یا تھیلے میں جمع کریں۔



- اپنے کنٹینر کو کسی بھی تھیلے کے ساتھ ڈھانپ کر رکھیں۔
- حسب ضرورت اپنے کنٹینرز کو صاف کریں۔ DSNY کی جانب سے فراہم کردہ کنٹینر ڈش واشر کے لیے محفوظ ہے۔
- مزید مشوروں کے لیے **nyc.gov/organics** پر تشریف لائیں۔

## 2 نامیاتی مواد اپنی بھورے رنگ کی ٹوکری میں خالی کریں۔



- اپنی بھورے رنگ کی ٹوکری کو ایک شفاف تھیلے کے ساتھ ڈھانپ دیں۔
- ہر بار استعمال کے بعد ٹوکری کو بند کر کے کنڈی لگا دیں۔
- اپنی ٹوکری باقاعدگی سے خالی کریں۔
- باورچی خانے کا کنٹینر صرف اندرونِ خانہ استعمال کے لیے ہے۔ اسے خالی کرنے کے لیے باہر مت رکھیں!

## 3 اپنی بھوری ٹوکری اٹھائے جانے سے قبل سڑک کے کنارے رکھ دیں۔




- پتے اور صحن کا کچرا کاغذی تھیلوں یا غیر قطاری ردی ٹوکریوں میں پھینکیں۔ تھوڑی مقداریں بھوری ٹوکری میں ڈالنے میں کوئی حرج نہیں۔
- شاخوں کو ایک رسی کے ساتھ باندھ کر گٹھے بنا دیں۔
  *__بروکلین اور کوئینز:__ لمبے سینگوں والے ایشیائی ٹڈوں کو روکنے کی وجہ سے، لمبی شاخوں کو جمع نہیں کیا جائے گا۔ تلفی کے لیے پارکوں کے محکمے کو اطلاع دیں یا 311 پر کال کریں۔*
- آپ کی ہاں سے کچرا اٹھانے کے نظام الاوقات یہاں سے دیکھیں **on.nyc.gov/collectionday**.